52x3

# LOTTE CHEMICAL PAKISTAN LTD

## نوٹس برائے اجلاس

مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل کاروباری امور کی تکمیل کے لیے Lotte کیمیکل پاکستان لمیٹڈ کا انیسواں سالانہ اجلاسِ عام بروز منگل، مؤرخہ 25 اپریل 2017، صبح 11:00 بجے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) آڈیٹوریم، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی اُمور:**

1. سال کے اختتام، 31 دسمبر، 2016 کے لیے کمپنی کے فنانشل اسٹیٹمنٹس معہ ڈائریکٹر اور آڈیٹر کی رپورٹس وصول کرنا اور اس پر غور و خوض کرنا۔
2. کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور اُن کے معاوضے کا تعین کرنا۔

**خصوصی امور**

3. سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹر کی رپورٹ وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") کی ممبران کو سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے ترسیل ایس آر او 2016/(1)470 بتاریخ 31 مئی 2016 کے تحت سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی اجازت سے ان کے رجسٹرڈ پتوں پر منتقلی کی منظوری۔

سالانہ اجلاسِ عام میں خصوصی کاروبار پر غور کے لئے کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 160(1)(b) کو شامل کیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ

3 اپریل 2017
کراچی

فیصل عابد
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

1. کمپنی ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس، جمعہ 14 اپریل، 2017 سے منگل 25 اپریل، 2017 تک بند رہیں گی (دونوں دن شامل ہیں)۔ جو ٹرانسفرز طریقہء کار کے مطابق 13 اپریل، 2017 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل فاران ہوٹل، نرسری، بلاک 6، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو موصول ہو جائیں گے، وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔
2. صرف وہ اشخاص جن کے نام 14 اپریل، 2017 تک کمپنی ممبران کے رجسٹر میں آئے ہیں، وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت، شمولیت اور ووٹ دینے کے حقدار ہوں گے۔

کمپنی کا ممبر، جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہوگا، اسے یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کر سکے۔ وہ پراکسیز جو اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر موصول ہو جائیں گی، وہی مؤثر سمجھی جائیں گی۔ پراکسی فارم کی مزید کاپیاں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے عام دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.lottechem.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جاسکتا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 میں درج ہدایات پر مزید عمل کرنا ہوگا۔

**(الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا شخص جن کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہیں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط اجلاس کے وقت فراہم کیے جائیں (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)

**(ب) پراکسیز کی تقرری کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا شخص جن کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہیں، وہ درج بالا طریقے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم کوئی دو اشخاص سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں، جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج ہونے چاہئیں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہونی چاہئیں۔

(iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط کے نمونے پراکسی کے ساتھ کمپنی کو فراہم کیے جائیں (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)

3. ممبران سے درخواست ہے کہ وہ باقاعدہ طور پر پُر کیے گئے ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم فراہم کریں۔

ای-ڈیویڈنڈ پیمنٹ میکنزم کے ذریعہ ایس ای سی پی کے نوٹس نمبر 8(4) ایس ایم/سی ڈی سی 2008 مُورخہ 5 اپریل 2013ء کے تحت براہ راست اپنے بنک اکاؤنٹ میں کمپنی کے اعلان کردہ نقد منافع منقسمہ وصول کرنے کے متمنی ممبران کو پوری طرح پُر کردہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔ ای-ڈیویڈنڈ پیمنٹ کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ممبران ڈیویڈنڈ وارنٹ وصول نہیں کریں گے۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم فراہم نہ کرنے والے ممبران ڈیویونڈ وارنٹس کے ذریعے وصول کرتے رہیں گے۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

4۔ یکم جولائی، 2016 سے مؤثر فنانس ایکٹ، 2016 کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت انکم ٹیکس کی نئی شرح تجویز کی گئی ہے جو کہ درج ذیل ہے:

(a) انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلر کے لیے ٹیکس میں کٹوتی کی شرح 12.5 فیصد
(b) انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان فائلر کے لیے ٹیکس میں کٹوتی کی شرح 20.0 فیصد

کمپنی کو 20.0 فیصد کی بجائے 12.5 فیصد کی شرح سے ودہولڈنگ ٹیکس منہا کرنے میں سہولت کے لئے فائلر ہونے کے باوجود جن ممبران کے نام فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (ایف بی آر) کی فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں نام موجود نہ ہونے پر ATL میں اپنے نام کے اندراج کی یقین دہانی کرلیں بصورت دیگر ان کی ڈیویڈنڈ کی رقم پر 12.5 کی بجائے 20.0 کی شرح سے ودہولڈنگ ٹیکس منہا کرلیا جائے گا۔

مزید براں ایف بی آر سے موصولہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کے فائلر/نان فائلر کے علیحدہ علیحدہ اعتبار سے اور جوائنٹ ہولڈرز کے جوائنٹ اکاؤنٹس میں تناسب کے اعتبار سے کیا جائے گا۔ اس ضمن میں جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے تناسب سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر حسب ذیل مطلع کریں۔

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کُل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور سی این آئی سی نمبر | حصص کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | حصص کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس بات کی یقین دہانی کرائیں کہ انھوں نے اپنے سی این آئی سی/این ٹی این اپنے متعلقہ شرکاء/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (اگر شیئر ہولڈنگ بک ہولڈنگ کی صورت میں ہے تو) کو یا کمپنی شیئر رجسٹرار (اگر شیئر ہولڈنگ طبعی صورت میں ہے تو) کو ایف بی آر کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ATL کے مطابق ٹیکس کی نوعیت کی جانچ کیلئے فراہم کردیئے ہیں۔

5۔ ایس آر او 787(1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014ء کے تحت ایس ای سی پی نے شیئر ہولڈر کو آڈٹ شدہ مالی گوشوارے اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دیدی ہے۔ اس کے مطابق سالانہ رپورٹ معہ AGM نوٹس بذریعہ ای-میل سافٹ کاپی موصول کرنے کے متمنی ممبران اپنی تحریری درخواست مع کوائف یعنی نام، فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل ایڈریس، ٹیلی فون نمبر، سی این آئی سی نمبر (کاپی منسلک کریں) داخل کرادیں۔ حصص یافتگان سے E-mail ایڈریس میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

6۔ ایس ای سی پی (SECP) کے حکم کے مطابق، ڈیویڈنڈ وارنٹس پر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/این ٹی این کا لکھنا انتہائی ضروری ہے۔ لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروائیں۔ درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/این ٹی این کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں Lotte کیمیکل پاکستان لمیٹڈ، ایس ای سی پی (SECP) کے ایس آر او 2012/(1)831 مورخہ 5 جولائی 2012 پر عمل کرنے سے قاصر ہوگا اور لہٰذا مستقبل میں کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے سیکشن 251(2)(a) کے تحت ایسے شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ وارنٹس نہ بھیجنے پر مجبور ہو سکتی ہے۔

7۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اگر ان کے رجسٹرڈ پتے میں کوئی تبدیلی آئے تو ہمارے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فوراً مطلع کریں۔

8۔ 31 دسمبر 2016 کو ختم ہونے والے سال کے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کیے جاچکے ہیں۔

**کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کی دفعہ 160(1)(بی) کے تحت گوشوارا**

گوشوارا ہٰذا کمپنی کے منگل 25 اپریل 2017 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں زیر غور لائے جانیوالے خصوصی امور سے متعلق ٹھوس حقائق پر مبنی ہے۔

**ایجنڈہ کا آئیٹم (3)**

**سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی بذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی منتقلی**

سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان SRO787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 لسٹڈ کمپنیوں کو SRO470(1)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے تحت سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع ونقصان اکاؤنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹر کی رپورٹ وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") اپنے ممبران کو ہارڈ کاپی کے بجائے بذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ تاہم کمپنی سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اپنے ممبران کی درخواست پر بغیر کسی معاوضے کے درخواست فارم کی وصولی پر فراہم کرے گی۔ فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوگا۔

اس سلسلے میں مندرجہ ذیل قرارداد کی بطور عمومی قرارداد منظوری کی تجویز پیش کی جاتی ہے:

**قرار پایا کہ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ SRO 470 (1)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے تحت سالانہ آڈٹ شدہ اسٹیٹمنٹس، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹر کی رپورٹ وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") ممبران کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ہارڈ کاپیوں کے بجائے سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کی صورت میں ارسال کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔**

کمپنی کے ڈائریکٹرز کو مذکورہ بالا خصوصی امور میں بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی دلچسپی نہیں۔

BOND